# گوجرانوالہ بورڈ 2016ء (پہلا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) ________ رول نمبر (لفظوں میں) ________ دستخط نائب ناظم امتحان: ________

وقت: 2:10 گھنٹے

## انشائی طرز (حصہ اول)

کل نمبر: 60

سوال نمبر 2: درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

﴿حصہ نظم﴾

(i) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا — اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(ii) جے جس طرف آنکھ، جلوہ ہے اُس کا — جو یک سو ہو دل تو وہی چار سُو ہے

(iii) کیا کیا رکھے ہے یارب، سامان تیری قدرت — بدلے ہے رنگ کیا کیا ہر آن تیری قدرت

(iv) ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے — کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ وبار سے

﴿حصہ غزل﴾

(v) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(vi) ہم کو اُن سے، وفا کی ہے اُمید — جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے

(vii) عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

## حصہ دوم

سوال نمبر 3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 5، 5

(الف) ظالموں نے آپ کو پکڑا اور حرم میں لے جا کر تھوڑی دیر محبوس رکھا اور چھوڑ دیا۔ پھر آنحضرت ﷺ کی تلاش میں نکلے۔ ڈھونڈتے ڈھونڈتے غار کے دہانے تک آ گئے۔ آہٹ پا کر حضرت ابوبکرؓ غمزدہ ہوئے۔

(ب) آج سے دو سال پہلے میں ایک تنگ و تاریک گلی کے ایک خستہ اور بدنما مکان میں رہتا تھا۔ بہت کم لوگ مجھے جانتے تھے اور جو جانتے تھے انہیں میرے متعلق صرف یہی معلوم تھا کہ میں ایک مفلس، قلاش اور گمنام مصور ہوں۔ میں نے بے شمار تصویریں بنائی تھیں مگر وہ تمام کی تمام کباڑیوں یا نیلام گھروں میں پہنچ کر کوڑیوں کے بھاؤ بک چکی تھیں۔

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) سائلوں کے ساتھ مرزا غالب کا سلوک کیسا تھا؟
(ii) الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟
(iii) صحت مند رہنے کے لیے کیا باتیں ضروری ہیں؟
(iv) سردار تجمل حسین کی کوٹھی کا نام کیا تھا؟
(v) بلی کتنے عرصے میں سدھائی جا سکتی ہے؟
(vi) اُمید بہار کیلئے کس چیز کی ضرورت ہے؟
(vii) غالب کی غزل میں درویش کے لب پر کیا صدا ہے؟
(viii) بادِ صبا گھر گھر کیا لئے پھرتی ہے؟

سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (ا) کاہلی۔ (ب) قدرِ ایاز۔ 5

سوال نمبر 6: نظم "نعت" کا مرکزی خیال/خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

سوال نمبر 7: چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں دل لگا کر پڑھنے کی تلقین کا ذکر ہو۔ 10

(یا) پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست لکھیے جس میں ڈاک کی شکایت کا ذکر ہو۔

سوال نمبر 8: "گیدڑ کی مکاری" کے عنوان پر کہانی لکھیے۔ 5

(یا) مریض اور طبیب کے درمیان مکالمہ لکھیے۔

سوال نمبر 9: درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 5

(i) ہم نے حج کرنا ہے۔ (ii) جی نے چاہا تو آؤں گا۔ (iii) میں نے فرحان دیکھا۔ (iv) طویلے کی بلا چڑیا کے سر۔
(v) پاک رہو بے باق رہو۔

............یا............ درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) سانچ کو ............ (ii) خدمت سے ............ (iii) شیخی اور ............
(iv) صورت ............ (v) غریب کی جورو ............

www.ilmkidunya.com